© rasailojaraid.com

اور ہٹ دھرمی کی روش ترک کردیں، ہزاروں قادیانیوں کا چوری چھپے مسلمانوں والی دستاویزات کو جعل سازی سے استعمال کرنا ہمارے سیکیورٹی سسٹم پر سوالیہ نشان ہے، آئندہ کے لیے تمام دستاویزات کی تیاری اور ہر قسم کی ملازمت کے حصول سے قبل ختم نبوت کے حلف نامے پر دستخط کو یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر اور ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان مولانا محمد حنیف جالندھری نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قادیانیوں کے بارے میں پارلیمنٹ اور عدلیہ کے تمام فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے انہون نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے قادیانیوں کے بارے میں تاریخی فیصلے کو خیر مقدم کرتے ہوئے اسے وقت کی آواز قرار دیا- وفاق المدارس کے قائدین ان اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ ہزاروں قادیانی جعل سازی سے مسلمانوں والی دستاویزات تیار کروا کر برسوں سے مسلمانوں کے حقوق پر شب خون مارتے رہے۔ انہوں نے اس صورت حال کو ملکی سیکیورٹی سسٹم پر سوالیہ نشان قرار دیا- انہوں نے قادیانیوں سے کہا کہ وہ ہٹ دھرمی کی روش ترک کر کے اپنی آئینی اور شرعی حیثیت کو تسلیم کریں اور اقلیتوں والے حقوق حاصل کریں دوسروں کی حق تلفی چھوڑ دیں۔

## سانحات ارتحال پر اظہار تعزیت ودعائے مغفرت

☆......(8 مارچ 2018ء) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے محاسب دفتر جناب چوہدری محمد ریاض عابد صاحب زید مجدہ کی نسبتی ہمشیرہ مورخہ 16 جمادی الاخریٰ 1439ھ مطابق 5 مارچ 2018ء بروز پیر بقضائے الٰہی، دار فانی سے انتقال کر گئیں۔ نماز جنازہ منگل کے دن صبح آٹھ بجے شاہ رکن عالم کالونی ملتان میں ادا کی گئی، جس میں مرکزی دفتر وفاق المدارس کے جملہ کارکنان سمیت علماء کرام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے تعزیتی پیغام میں مرحومہ کے وصال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحومہ کے لئے مغفرت اور بلندی درجات کی دعاء فرمائی اور لواحقین کو صبر جمیل کی تلقین فرمائی۔ مرحومہ زاہدہ، عابدہ خاتون تھیں۔ ماہنامہ وفاق المدارس کے قارئین اور اہل مدارس سے بھی دعائے مغفرت وایصال ثواب کی اپیل ہے۔

☆......(14 مارچ 2018ء) مولانا قاری یاسین کے جواں سال بیٹے اور جامعہ خیر المدارس کے مفتی محمد فاروق کی رحلت المناک سانحہ ہے، دونوں نوجوانوں کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، مختصر وقت میں اللہ نے دونوں نوجوانوں سے بہت کام لیا اللہ ان کی خدمات کو شرف قبولیت عطا فرمائیں، دکھ کی اس گھڑی میں مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ملک بھر کی مساجد کے ائمہ اور دینی مدارس کے ذمہ داران سے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا انوارالحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ یادرہے کہ گزشتہ کل جامعہ خیر المدارس ملتان کے نائب مفتی، مفتی محمد فاروق رحلت فرما گئے تھے اور آج مولانا قاری یاسین کے صاحبزادہ مولانا قاری محمد عثمان ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ دونوں نوجوان بہت باصلاحیت، محنتی اور خوش اخلاق تھے جنہوں نے مختصر وقت میں گراں قدر دینی وعلمی خدمات سرانجام دیں۔ مرحومین کی اچانک رحلت پر ملک بھر کے دینی وعلمی حلقوں کی فضا سوگوار ہوگء۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے دونوں نوجوانوں کی رحلت پر ان کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ وفاق المدارس کے قائدین نے ملک بھر کی مساجد کے ائمہ وخطباء اور مدارس کے ذمہ داران سے اپیل کی کہ وہ مرحومین کے درجات کی بلندی اور ان کے لواحقین کے لیے صبر جمیل کی خصوصی دعاوں کا اہتمام کریں۔

☆......(21 مارچ 2018ء) جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے بزرگ استاذ حضرت مولانا عبدالرزق لدھیانوی دامت براکاتہم العالیہ کے داماد مولانا الطاف الرحمٰن کا انتقال ہوگیا۔ مولانا مرحوم بھی جامعہ بنوری ٹاؤن کے استاد اور شعبہ مجلس دعوۃ والتحقیق الاسلامی سے عرصہ سے وابستہ تھے۔ چند ایام سے مولانا جگر کے سرطان کے عارضہ میں مبتلاء تھے۔ نماز جنازہ جامع مسجد علامہ بنوری ٹاؤن میں جامعۃ العلوم الاسلامیہ کے مہتمم، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں جامعہ وشاخہائے جامعہ کے اساتذہ وطلبہ سمیت علماء وعوام الناس نے شرکت کی۔

☆......(07 اپریل 2018) دفتر وفاق المدارس کراچی کے ناظم اور صوبائی ناظم وفاق سندھ حضرت مولانا امداداللہ مدظلہم کے معاون مولانا عبدالجلیل زید مجدہم کی دادی صاحبہ انتقال کر گئیں، اناللہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالی ان تمام مرحومین کی بال بال مغفرت فرمائے۔ ان کے درجات بلند فرمائے۔ تمام متعلقین وتلامذہ سمیت تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین

☆☆☆



© rasailojaraid.com